شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

13 جنوری 2023ء

پریس ریلیز

اقتدار کی رسہ کشی ملک میں بدترین سیاسی عدم استحکام اور معاشی بدحالی کا باعث بن رہی ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): اقتدار کی رسہ کشی ملک میں بدترین سیاسی عدم استحکام اور معاشی بدحالی کا باعث بن رہی ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی ماہ سے جاری اقتدار کی رسہ کشی سے ملک بدترین سیاسی عدم استحکام کا شکار ہے جس سے ہماری معیشت کو بھی ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے اور نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ بعض دوست ممالک نے بھی اس پر تشویش کا اظہار کیا ہے جو یقیناً ہمارے لیے باعث شرمندگی ہے۔ لیکن سٹیک ہولڈرز میں سے کوئی بھی اپنی ذمہ داری کا احساس کرنے پر آمادہ نہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ وقت پر انتخابات کا انعقاد اور قبل از وقت انتخابات کا مطالبہ دونوں جمہوری طرزِ حکومت کا حصہ ہیں البتہ کسی کو آئین سے تجاوز کرنے کا حق نہیں لہٰذا تمام سٹیک ہولڈرز، خاص طور پر سیاست دانوں کو اسے ناک کا مسئلہ نہیں بنانا چاہیے اور اچھے ہم وطنوں کی طرح اس مسئلہ کو مذاکرات کے ذریعے حل کر لینا چاہیے۔ اُنہوں نے کہا کہ اسی طرح اسمبلی کو بچانے کی کوشش کرنا اور اسمبلی توڑ دینا دونوں جمہوری طرز حکومت کا حصہ ہیں اس حوالے سے صرف ملکی مفاد کو مدنظر رکھنا چاہیے اور سیاسی حریفوں کی طرح معاملات کو نمٹانا چاہیے نہ کہ باہم دشمنی پر اتر آئیں۔ اُنہوں نے کہا کہ سب جمہوریت جمہوریت پکارتے ہیں لیکن کوئی کسی قسم کے اصول و ضوابط کو ماننے کو تیار نہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ مملکتِ خداداد پاکستان میں سیاسی عدم استحکام اور معاشی بدحالی درحقیقت ہمارا انفرادی اور اجتماعی لحاظ سے نظریاتی پٹری سے اتر جانے کا نتیجہ ہے اور یہی ہماری اصل غلطی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ سیاست دان ہوں یا ہمارے ادارے کسی کو یہ فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ پاکستان اسلام کے نام پر قائم ہوا اور اس کی بقاء اور استحکام کا انحصار بھی اسلام پر ہے۔ لہٰذا ہماری اصلاح اور فلاح و بہبود اُس وقت تک ممکن نہیں جب تک ہم صحیح ٹریک پر واپس نہیں آجاتے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 13 January 2022

"The tug of war for gaining power in the country is creating political instability and economic crisis."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The tug of war for gaining power in the country is creating political instability and economic crisis."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer lamented that the tug of war for gaining power that has been going on in the country for many months now has created political instability and also led to worsening of the economic crisis and it is unfortunate that many friendly countries of Pakistan, too, have expressed concern over the situation, which is a matter of great shame for the nation. Yet none of the stakeholder in the country appears to be showing the willingness to act responsibly in the precarious situation. He said that holding elections on time as well as demanding early elections are part and parcel of the democratic norms, however, no one should be allowed to trample the constitution, hence the stakeholders, particularly politicians, should not make it a matter of ego and resolve all issues through negotiations. Similarly, dissolving elected assemblies as well as trying to stop the dissolution of assemblies, too, are part of the democratic norms, however, the national interests of the country must be kept at the fore in all situations and politicians must not turn political rivalry into bitter personal enmity. All politicians are raising the slogans of democracy but no one is ready to abide by its norms, rules and conventions. The fact is that the political instability and economic crisis in Pakistan is due to the fact that we have relinquished our ideological identity, both on the individual and the collective levels, which is our real fault. He said that neither the politicians nor other state institutions of the country must ever forget that Pakistan was created on the basis of Islam and its survival and progress, too, is conditional to Islam. Therefore, our salvation as well as progress and prosperity are only possible if we get onto the right track again.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan